© rasailojaraid.com

اس حصّے میں ریاست کی ملکیت کے ذرائع مثلاً مشترکہ قومی املاک، معدنی ذخائر، زکوٰۃ، عشر اور خمس، جزیہ، خراج، عطایا اور اوقاف اور اسلامی ریاست کی معاشی ذمہ داریوں کے بارے میں نہایت ٹھوس معلومات فراہم کی گئی ہیں۔ اسلامی معیشت پر یہ ایسی بلند پایہ علمی تصنیف ہے جس کے لیے فاضل مصنف اور ناشر دونوں مبارکباد کے مستحق ہیں۔

---

**کاروانِ شوق** تالیف: جناب ملک نصراللہ خاں عزیز۔ شائع کردہ: المحراب، سمن آباد۔ لاہور۔ صفحات ۱۷۸۔ قیمت آٹھ روپے پچاس پیسے۔

اس اثر انگیز اور ساحرانہ مجموعۂ کلام کے لکھنے والے کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ پاک و ہند کا غالباً ہر شخص آزادی کے اس مخلص سپاہی، اسلام کے اس سچّے خادم، اور پاکیزہ جذبات و احساسات کی نظم و نثر میں ترجمانی کرنے والے اس فرد سے واقف ہے۔ زیرِ نظر مجموعے میں ملک صاحب کا خلوص، اُن کی اسلام سے وابستگی، خیالات کی پاکیزگی اور نُدرت، طبیعت کا سوز و گداز اور زبان پر قدرت سب پُوری طرح نمایاں ہیں۔

"عذرِ گناہ" کے عنوان سے ملک صاحب نے اپنے اس کلام کا جو دیباچہ لکھا ہے وہ بڑا مؤثر ہے اور اُن کی طبیعت کی فطری افتاد کو نہایت اچھے انداز میں ظاہر کرتا ہے۔ اس میں بالواسطہ اسلام میں شاعری کے مقصد اور منہاج پر بھی بحث آگئی ہے۔

المحراب نے اس مجموعے کو نہایت اچھے طباعتی معیار پر شائع کیا ہے۔

---

**مشکوٰۃ المصابیح۔ کتاب الصلوٰۃ، کتاب الزکوٰۃ و کتاب الصوم** تالیف: پروفیسر منظور احمد صاحب شعبۂ علوم اسلامیہ، اسلامیہ کالج ریلوے روڈ، لاہور۔ شائع کردہ: علمی کتاب خانہ، اردو بازار لاہور۔

کتاب الصلوٰۃ ۱۰ روپے۔ کتاب الزکوٰۃ و کتاب الصوم: سات روپے۔

جب سے علومِ اسلامی یونیورسٹی کے نصاب میں شامل ہوئے ہیں تو جدید طرزِ تعلیم کے طلبہ کی ضروریات، اُن کے مزاج اور نفسیات کو سامنے رکھ کر کتاب اللہ، حدیث، فقہ اور اسلامی تاریخ پر بعض نہایت اچھی کتابیں منظرِ عام پر آئی ہیں۔ زیرِ تبصرہ مجموعے بھی اسی سلسلہ کی قابلِ قدر کوشش ہیں۔ فاضل مصنف عرصۂ دراز تک تعلیم و تعلّم کے سلسلے میں چونکہ دینی مدارس سے وابستہ رہے ہیں اس لیے ان کی معلومات بڑی ٹھوس ہیں اور

© rasailojaraid.com